سوال

(386) نمازِ تراویح گھر میں پڑھنا افضل ہے یا مسجد میں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازِ تراویح گھر میں پڑھنا افضل ہے یا مسجد میں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گھر میں پڑھنا افضل ہے ہاں نمازِ تراویح باجماعت پڑھنا بے جماعت پڑھنے سے افضل ہے اور پچھلی رات پڑھنا پہلی رات پڑھنے سے افضل ہے اگر کوئی نمازِ تراویح پچھلی رات گھر پر باجماعت پڑھے تو اسے تینوں فضیلتیں حاصل ہوں گی ۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص298

محدث فتویٰ